نیو یارک اسٹیٹ کرائے کی ایمرجنسی معاونت کا پروگرام

کرائے کی ایمرجنسی معاونت کا پروگرام (Emergency Rental Assistance Program, ERAP) ان گھرانوں کی مدد کرتا ہے جنہوں نے اپنا پچھلا کرایہ ادا نہ کیا ہو اور جن کو COVID-19 کی وجہ سے مالی مشکلات کا سامنا ہو نیز وہ بے گھری یا رہائش کے عدم استحکام کے خطرے سے دوچار ہوں۔ اس کے علاوہ، پروگرام کرایہ کی عارضی معاونت اور ادا نہ کیے گئے یوٹیلٹی بلز کے حوالے سے مدد فراہم کر سکتا ہے۔

کیا میں اہل ہوں؟

اہل رہائشیوں کو مندرجہ ذیل معیار پر پورا اترنا چاہیے:

- گھرانے کی کُل آمدنی ان کے علاقے کی اوسط آمدنی کے 80 فیصد پر یا اس سے کم ہو، علاقے کی اوسط آمدنی کاؤنٹی اور گھرانے کے سائز کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے۔
- گھرانے کے کسی ممبر کو بالواسطہ یا بلاواسطہ COVID-19 کی عالمی وبا کے باعث بیروزگاری کی مراعات موصول ہوئی ہیں یا آمدنی میں کمی کا سامنا ہوا ہے یا پھر خاطر خواہ اخراجات یا مالی مشکلات کا سامنا ہوا ہے۔
- درخواست دہندہ پر اپنی موجودہ رہائش کا پچھلا کرایہ واجب الادا ہے۔

اس کا طریقہ کار کیا ہے؟

معاونت پچھلے 12 ماہ تک کا واجب الادا کرایہ ادا کرنے میں مدد کر سکتی ہے اور کچھ گھرانوں کے لیے اگلے 3 ماہ تک کا کرایہ بھی ادا کر سکتی ہے۔ پروگرام پچھلے 12 ماہ تک کا واجب الادا بجلی یا گیس کا بل بھی ادا کر سکتا ہے۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ ادائیگیاں ہمیشہ براہ راست مالک مکان یا یوٹیلٹی فراہم کنندہ کو جاری کی جائیں گی۔

درخواستیں آن لائن یہاں جمع کروائی جانی چاہئیں

nysrenthelp.otda.ny.gov

مزید معلومات کیلئے، **otda.ny.gov/ERAP** ملاحظہ کریں یا **844-NY1RENT** (844-691-7368) پر کال کریں

NEW YORK STATE | Office of Temporary and Disability Assistance

(Rev. 08/21)